ہو جائیں اور ان لوگوں کو COVER مہیا کریں جو اس ملک کے دوست ہیں نہ اس ملک کے عوام کے اور نہ اس ملک کے نظریہ اساسی کے اور جن کے حوالیوں اور موالیوں نے مشرقی پاکستان میں اسلام اور مسلمانوں کو وہ زخم دیے ہیں جو مدتوں مندمل نہ ہو سکیں گے۔

الحمد للہ "ترجمان الحدیث" کے دوسرے سال کا یہ آخری شمارہ ہے اور اس کے ساتھ ہی "ترجمان الحدیث" کے دوسرے سال کی فائل مکمل ہو جائے گی۔

ہم نے اس عرصہ میں اس کے ذریعے دین حنیف کی کیا خدمات سرانجام دی ہیں اسے قارئین جانتے ہی ہیں۔ ہم اتنا ضرور کہہ سکتے ہیں کہ اپنی بساط کی حد تک ہم نے کوئی کوتاہی نہیں کی، فروگزاشتیں انسان کا خاصہ ہیں، ان سے انبیاء کے سوا کوئی بھی مبرا نہیں لیکن ایک بات ہم ضمیر و قلب کے پورے اطمینان کے ساتھ کہہ سکتے ہیں کہ ان فروگزاشتوں میں ہمارے ارادے اور نیت کا قطعاً کوئی عمل دخل نہیں۔

اس موقعہ پر ہم ان احباب کا شکریہ ادا کیے بغیر نہیں رہ سکتے جنہوں نے کسی بھی صورت میں "ترجمان الحدیث" کی معاونت کی، چاہے قلمی اور علمی صورت میں۔ چاہے مالی اور خریداری کی صورت میں۔

ہم اللہ کے حضور عاجزی و انکساری سے التجا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اپنے دین کی اور زیادہ خدمت کی توفیق عطا فرمائے اور اس سلسلہ میں ہمارے ساتھ تعاون کرنے والوں کو اپنے انعامات سے نوازے۔ آمین